22435-ابوموسی اشعری رضی اللہ تعالی عنہ کے فضائل

سوال

وہ کون سے صحابی ہیں جنہیں اللہ تعالی نے اپنے نبی علیہ السلام کی خوش الحانی عطافرمائی تھی ، اوروہ کس چیز سے مشہور ہوئے ؟

پسندیدہ جواب

وہ صحابی ابوموشی اشعری رضی اللہ تعالی عنہ ہیں ۔

امام بخاری رحمہ اللہ تعالی نے برید بن عبداللہ بن ابی بردۃ عن جدہ ابی بردۃ عن ابی موسی رضی اللہ تعالی عنہ کی سند سے روایت بیان کی ہے :

ابوموسی رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں فرمایا :

(اے ابوموسی آپ کوآل داود علیہ السلام کی خوش الحانی دی گئ ہے) صحیح بخاری فضائل قرآن حدیث نمبر (4660) ۔

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں کہ مزمار سے مراد اچھی آواز ، اوراصل میں مزمار ایک آلہ ہے (جسے ہم بانسری کہتے ہیں) خوش الحانی کی بنا پر اس کا اطلاق آواز پر کیا گیا ہے ۔

اورابوموسی رضی اللہ تعالی عنہ حفاظ قرآن کریم میں سے تھے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یمن میں بطور قاضی اور معلم تقرری فرمائی تھی ، ابوموسی اشعری رضی اللہ تعالی عنہ کثرت قرات قرآن اورقیام اللیل میں شہرت رکھتے تھے ۔

اللہ تعالی ان سے اور ہم سے بھی راضی ہو اورانہیں اور ہمیں انبیاء اور صدقین اور شہداء اور صالحین کے ساتھ جمع کرے ، آمین یارب العلمین ۔

واللہ تعالی اعلم

.